بیگم میں اور آپ میں ایک اور اہم فرق ہے۔ مرد کو حقیقی فتح مسرت اس وقت ہوتی ہے جب حریف واضح الفاظ میں یہ کہے کہ "میں ہار گیا" یعنی آپ کے لئے حریف کا ہار جانا اتنا ضروری نہیں جتنا ہار کو تسلیم کرنا۔ بیگم اس راز سے واقف ہے۔ وہ مسکرا کر کہہ دیں گی "اچھے لو میں ہاری پیا" آپ کے ہاتھ پاؤں پھول جائیں گے۔ اور اس بات کی سدھ بدھ نہ رہے گی کہ کیا وہ عملی طور پر اپنی ضد چھوڑ چکی ہے یا اب بھی اپنی بات پر قائم ہے۔ بلکہ آپ اپنی جیت پر اس قدر خوش ہوں گے کہ کبھی شک بھی ہو گا کہ ہو گا بھلا اپنی جگہ تو یہ ہے تو آپ چپ کر جائیں گے۔ کچھ پروا نہیں جان من جو بھی چاہے کرو۔ ہماری طرف سے اجازت ہے۔ مرد کی سب سے بڑی بدقسمتی وہ لمحات ہیں جب وہ سچے دل سے پکار پکار کر کہنا چاہتا ہے کچھ پروا نہیں جانِ من۔

بیشتر میاں تو یہ سمجھتے ہیں کہ جھگڑے یا بحث کو دلیل سے ختم کرتے ہیں ان کا خیال ہے کہ جس طرح دیا جلا دیا جائے تو اندھیرا کافور ہو جاتا ہے اسی طرح مناسب دلیل پیش کی جائے تو جھگڑا ختم ہو جاتا ہے۔ سارا فتور اس احمق مرد ارسطو کا ہے جس نے یہ غلط فہمی رجا دی۔ اس کو کیا، اپنے نے سمجھا کر غلط بات پر اڑنے رہنے کی صرف یہ وجہ ہوتی ہے کہ آپ کو صحیح بات کا علم نہیں ہوتا۔ اگر صحیح بات کا علم ہو جائے تو غلط بات پر اڑے رہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اس بھلے مانس کو یہ خیال نہ آیا کہ غلط بات پر اڑے رہنے کی اور بھی وجوہات ہو سکتی ہیں مثلاً اتفاقاً آپ کے منہ سے بات نکل گئی ہے تو آپ پر لازم ہو گیا کہ آپ اس پر اڑے رہیں اور سچے دل سے اسے درست سمجھیں۔ بھلا سوچئے تو سہی آپ کے منہ سے نکلی ہوئی بات کیسے غلط ہو سکتی ہے۔ ارسطو نے بات کی اہمیت دی منہ کو نہیں۔

شاید کئی مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ نے بات سنی۔ لاحول ولا قوۃ کیا واہیات بات ہے۔ اس قدر حماقت بھری بات۔ آپ کو غصہ آ جاتا ہے۔ غضب ناک ہو کر آپ سر اٹھاتے ہیں۔ اور بات کرنے والی کی طرف دیکھتے ہیں سبحان اللہ سبحان اللہ سارا غصہ کافور ہو جاتا ہے۔ دقت یہ ہے کہ جوں جوں بیگم پرانی ہوتی جاتی ہے توں توں اس کی توجہ منہ سے ہٹتی جاتی ہے اور بات کی طرف مبذول ہوتی جاتی ہے۔ دلیل کے متعلق میرا تجربہ یہ ہے کہ جب کبھی میں دلیل دیتا ہوں جواب میں لوگ بھی دلائل دینے لگتے ہیں۔ کتنی بری عادت ہے یہ۔ اور پھر کس قدر ناقابلِ برداشت۔ آج کل کی نوجوان اولاد تو بری طرح سے اس بری عادت کا شکار ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب کبھی غلطی سے میں قبلہ والد صاحب کے روبرو جوابی دلیل پیش کیا کرتا تھا تو وہ اپنی شاہکار دلیل دینے پر مجبور ہو جاتے تھے۔ غصے سے ان کی آنکھیں سرخ ہو جاتیں "تم ——— وہ غراتے۔ تم میرے سامنے بولنے کی جرأت کرتے ہو۔ تم جو میرے پیشاب کے قطرے کی پیداوار ہو۔"

میں نے بھی کئی مرتبہ سچے دل سے اور پورے عزم سے کوشش کی ہے کہ یہی ازلی اور آبائی دلیل دے کر اپنے بیٹے کو خاموش کر دوں۔ لیکن مجھ میں جرأت نہیں پڑتی۔ اور میں "تم ——— تم" چلا کر خاموش ہو جاتا ہوں۔ اور میرا بیٹا سمجھتا ہے کہ میں ایسے حالات میں ذہنی توازن کھو دیتا ہوں اور ہذیان پر اُتر آتا ہوں۔ اس بیچارے کو کیا معلوم کہ اس ہذیان میں کتنی عظیم دلیل پوشیدہ ہے۔

جہاں تک بیگم کا سوال ہے میرا مشاہدہ ہے کہ بحث کرتے وقت کسی قدر ممکن ہو عقل و ادراک منطق اور دلیل سے دور رہئے ورنہ آپ کا ہار جانا یقینی ہوگا۔ ہارنے کی خفت کے علاوہ آپ کو اپنے دلائل اور منطق پر اعتماد نہ رہے گا اور اگر آپ دلیل ہی تو لازماً آپ کے پیشے پر بُرا اثر پڑے گا بہرحال میرا تجربہ یہ ہے کہ جس قدر آپ منطق اور دلیل سے گریز کریں اسی قدر کامیابی یقینی ہوگی۔

مثلاً بیگم سے یہ کبھی نہ کہئے "اوندھ ہوں بیگم پاؤں پر پانی نہ ڈالو۔ پاؤں گیلے ہو جائیں گے۔" اگر آپ نے کہہ دیا تو مقابلہ بیگم کو خیال آئے گا کہ اس قدر سیدھی سادی بات مجھے کیوں نہ سوجھی۔ اس پر اسے غصہ آ جائے گا۔ اب اپنا غصہ اپنے آپ پر تو نہیں نکالا جا سکتا۔ لہٰذا آپ پر نکالا جائے گا بیگم سوچیں گی کہ آخر اس سیدھی بات مجھے کیوں نہ سمجھ میں آئی۔ اور مجھے سمجھ میں نہیں آئی تو یقیناً نہ تو بات سیدھی ہے اور نہ درست ہے۔ یعنی آپ کسی خاص مقصد کے تحت اسے بہکا رہے ہیں۔ اب اگر یہی بات آپ عقل و خرد سے دور ہو کر کہئے "اوندھ ہوں بیگم پاؤں پر پانی نہ ڈالو ورنہ تمہارے منہ پر چھائیاں نکل آئیں گی" تو ایک ساعت کے لئے وہ سوچ میں پڑ جاتی کہ پاؤں پر پانی ڈالنے کا منہ کی چھائیوں سے کیا تعلق۔ یقین جانئے بیگم کو سوچ میں ڈالنا ایک کارِ نمایاں ہے۔ میرا بس چلے تو ہر وقت اسے سوچ میں ڈالے رکھوں۔ اس سے کئی ایک فائدے ہوں گے۔ ایک تو اسے سوچنے کی عادت پڑے گی دوسرے وہ خاموش رہے گی۔ چلو کچھ دیر ہی سہی۔ ایک منٹ ہی سہی۔ ایک منٹ آخر پرامنٹ ہوتا ہے۔ پھر فوراً بیگم کا خیال میری بات سے ہٹ کر اپنے منہ کی طرف مبذول ہو جائے گا۔ اور پھر منہ کی چھائیوں کا خوف اس کے دل پر مسلط ہو جائے گا۔ اور اس کا جی چاہے گا کہ کسی بہانے اندر جا کر آئینہ دیکھے کہیں واقعی چھائیاں تو نہیں نکل آئیں ——— اور پھر آئینہ دیکھنے کے بعد وہ آ کر سنجیدگی سے پوچھے گی: "میں نے کہا پاؤں پر پانی ڈالنے سے کیا واقعی منہ پر چھائیاں نکل آتی ہیں؟"

ایسے میاں بھی دیکھنے میں آتے ہیں جو بیگم کی خاموشی پر گھبرا جاتے ہیں "کیوں بیگم خیر تو ہے کس سوچ میں پڑی ہو۔ کیا بات ہے، چپ کیوں ہو؟" اب بتائیے آپ اور میں کیا کر سکتے ہیں۔ احمق اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ خیریت تو اسی میں ہے کہ وہ چپ ہے۔ سوچتی رہے۔ اسے بولنے پر مائل کرنا تو گویا بھِڑوں کے چھتے میں انگلیاں دینا ہے۔

دنیا نے ہر بات میں ترقی کی ہے۔ ٹریڈ یونین بنے۔ حتیٰ کہ حیوانوں کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لئے بھی انجمنیں مقرر ہو گئیں۔ لیکن افسوس کہ آج تک میاں کی کوئی انجمن نہ بنی۔ انہوں نے کبھی ایک دوسرے سے دردِ دل کا اظہار نہ کیا۔ یہ درست ہے کہ میاں کی مشکلات کے متعلق کسی دوسرے سے مشورہ لینا میاں کے وقار کے منافی ہے۔ لیکن اگر ایسی انجمنیں بنا دی جائیں تو شاید یہ حجاب دور ہو جائے۔ ایک مرتبہ میں بھی مشورے کے لئے اپنے پڑوسی کے گھر گیا تھا۔ یہ زمانۂ جہالت کی بات ہے جب مجھے معلوم نہ تھا کہ بیگم سے کیا برتاؤ کرنا چاہیے۔

واقعات یوں تھے کہ ایک روز ہمارا جھگڑا ہوا اور میں نے بے وقوفی سے جھگڑے کے بعد روٹھنے کا سہارا لیا۔ اور میں علانیہ بیگم سے روٹھ گیا۔ اسے بلانا چھوڑ دیا، بات چیت کرنا چھوڑ دیا۔

آپ تو جانتے ہی ہیں کہ تعلیم، تہذیب یا تمدن اور خاوند یہ چاروں مسلسل کوششوں کے باوجود بیگم کا کچھ نہیں بگاڑ سکے۔ صرف ایک شخصیت تھی جو بیگم پر اثر انداز ہوئی اور خاطر خواہ طور پر اثر انداز ہوئی اسے ساس کہتے ہیں۔ اللہ بخشے میاں کی وہ ایک ہی ہمدرد تھی اور بیگم کی رگ رگ سے واقف بھی تھی۔

وہ اس راز سے واقف تھی کہ انسان مصیبت میں اپنے اللہ یا سچے ہمدرد کی طرف رجوع کرتا ہے لہٰذا وہ بیگم کے لئے مصیبت بن گئی۔ اس لئے نہیں کہ اسے بیگم سے بیر تھا۔ بلکہ اس لئے کہ وہ چاہتی تھی کہ میاں اور بیگم کا میل ہو جائے مصیبت میں بیگم میاں کا سہارا ڈھونڈتی اور اس طرح ان کا ملاپ ہو جاتا سبحان اللہ ایسے لوگ بھی ہیں جو دوسروں کے فائدے کے لئے خود برے بننے سے بھی نہیں ہچکچاتے۔ لیکن میاں کی وہ ہمدرد اور بہی خواہ زمانے کے ہاتھوں چل بسی۔ اور اب میاں اکیلا رہ گیا ہے کہ کوئی ہمدرد نہیں کوئی پرسانِ حال نہیں۔

ہاں تو آپ جانتے ہی ہیں کہ ساس نہ آج تک بیگم کا کچھ نہیں بگاڑ سکا۔ نہ جانے وہ کون سا طریقہ کار ہے کہ نباتات کی مرد پیدا نہیں ہوتا لڑکا پیدا ہوتا ہے اور مرد بنتے بنتے اس میں سیکڑوں تبدیلیاں ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس لڑکی نہیں بلکہ عورت پیدا ہوتی ہے پیدا ہوتے ہی وہ مکمل عورت ہوتی ہے اس کی ذہنی خصوصیات بدلتی نہیں صرف بڑھتی ہیں مجسم ہوتی ہیں، نمایاں ہوتی ہیں، تقویت اور شدت پکڑتی ہیں۔ لہٰذا بیگم کو بدلنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ وہ اصل میں ایک حساب کے سوال کی طرح ہے تو وہ ایک طے شدہ چیز ہے جسے انگریزی میں GIVEN کہتے ہیں اگر آپ اسے بدلنے کے چکر میں پڑ گئے تو آپ کا بھی وہی حال ہوگا جو میرا ہوا تھا لیکن چھوڑیئے اس قصے کو۔

آپ کا کام یہ ہے کہ اس سوال کو غور سے دیکھیں اس پر غور کریں اسے سمجھیں۔ ممکن ہے کہ آپ کو چند ایسے نکات ہاتھ آ جائیں جنہیں برتا جائے جن سے فائدے حاصل ہو سکیں۔ دقت یہ ہے کہ وہ نو آموز میاں جیسے دولہا کہتے ہیں غور کرنے اور سمجھنے کے ایام کو دیکھنے اور محسوس کرنے میں گنوا دیتا ہے۔

یہ تو خیر ضمنی باتیں تھیں۔ پیشِ نظر تو میرا ذاتی تجربہ تھا اور میں آپ کو بتا رہا تھا کہ ایک مرتبہ مجھے بھی مشورے کی ضرورت پڑی تھی۔ اور میں اپنے پڑوسی کے ہاں مشورہ حاصل کرنے کے لئے گیا تھا۔

ہاں تو میں بلا سوچے سمجھے اپنی بیگم سے جھگڑنے کے بعد علانیہ روٹھ گیا۔ اس زمانے میں مجھے معلوم نہ تھا کہ روٹھنے کے زاویۂ نگاہ سے بیگمیں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک وہ جنہیں منانا پسند ہے اور دوسری وہ جنہیں مان جانا پسند ہے۔ مجھے یہ معلوم نہ تھا کہ میری بیگم کو منانا پسند نہیں۔ بلکہ مان جانا پسند ہے۔ اگر آپ کی بیگم کو بھی منانا پسند نہیں تو خدا کے لئے اس سے روٹھئے نہیں۔ زہے جھگڑیئے بیشک، اس کا سر پھوڑ دیجئے۔ اپنا سر پھوڑ دیجئے جو چاہے کیجئے۔ لیکن روٹھئے نہیں۔ کیونکہ دنیا میں اس سے بڑا ظلم اور کوئی نہیں کہ جو خود روٹھا ہو اسے ہی منانا پڑے۔

اگر آپ کی بیگم کو بھی مان جانا پسند ہے، منانا نہیں اور آپ اس سے روٹھ گئے ہیں تو وہ آپ کو نہیں منائے گی۔ نہیں منائے گی۔ نہیں منائے گی۔ البتہ آپ نے اگر اسے ایک سنہری موقعہ بخش دیا کہ اسے منایا جائے۔ اور وہ مان جائے۔ وہ مان جانے کے لئے تیار ہوگی۔ منتظر ہوگی کہ کب آپ منائیں۔ اور مصیبت یہ ہوگی کہ آپ تو خود روٹھے ہیں۔ آپ کیوں منائیں۔

اس عالم کا اللہ بیڑا غرق کرے جس نے میرے دل میں یہ بات جاگزیں کر دی کہ جو روٹھے اسے منایا جاتا ہے۔ میرے پیارے اور مظلوم جانباز خدا کے لئے اس غلط فہمی کو دل میں جگہ نہ دینا۔ کہ جو روٹھا ہوا ہو اسے منایا جاتا ہے۔ میاں اور بیگم کی دنیا میں یہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا۔ کہ کون روٹھا ہے اور کس نے منانا ہے کس کا قصور ہے اور کسے معافی مانگنی ہے۔

پہلے چند روز تو میں خائف ... نے بیگم ... سوچ سمجھ کر ساعات کو ادا نازک کر دیا تاکہ بیگم ... پڑے۔ میں نے گھر سے کھانا کھانا چھوڑ دیا ... شکر ادا اور گھر میں بیٹھے کا تا چند روز ... گئے۔ ہوا یوں کہ بیگم پر اس سے گرہ کا دباؤ بڑھتا گیا، توں توں وہ مان جانے پر شدت سے مائل ہوتی گئی بلکہ بالکل تیار بیٹھی رہی۔ پھر ایک روز جیسے ... بلکہ بات اس حد تک بڑھ چکی تھی کہ میاں کو دعا

سنجیدہ تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ میں نے بخار ایجاد کر لیا۔ یہ ایک ایسا بخار تھا جس میں حرارت نہیں ہوتی مریض کی بے چینی ... چہرہ ... آتا ہے۔

ہائے ہائے کی آواز سن کر بیگم سرہانے آ بیٹھی۔ سر دبا ... ہائے ... کبھی وہ ... اس وقت وہ بیگم نہیں تھی بلکہ ماں تھی ... ہائے ... خیال آیا ... ہو تو ماں کو بلا دو۔

اگلے روز ایک نئی مشکل کا ظہور ہوا

رات کو اس بخار کی مہربانی سے بیگم نے خدمت بھی کی تھی۔ ملاقات بھی ہوئی تھی۔ لیکن اس نے پراؤ راست بات نہ کی تھی۔ مسئلہ تو خیر اٹک رہا۔ اور آپ جانتے ہیں کہ میاں ہوں اور جب تک دوسرا یہ نہ کہے اب مان جاؤ یا مجھے معاف کر دو، بات نہیں بنتی۔ تو اس مشکل کو حل کرنے کے لئے میں اپنے پڑوسی سے ملا۔

جب میرا پڑوسی باہر آیا اور میں نے آنکھ اٹھا کر اس کی طرف دیکھا تو نہ جانے کیوں میں نے محسوس کیا کہ وہ مجھ سے کہیں زیادہ مظلوم ہے۔ میرا جی چاہا کہ اس کا سر اپنے شانے پر رکھ لوں اور اسے تھپکوں اور تسلی دوں۔ نہ جانی بات دل پر نہیں لگا لیا کرتے۔ نہ نہ۔

دراصل مصیبت یہ ہے کہ ہم میاں لوگ زندگی کو بہت سنجیدہ سمجھتے ہیں۔ یقین جانئے ساری مصیبت اس سنجیدگی کی ہے جو ہم نے اپنے اوپر مسلط کر رکھی ہے مثلاً میرا ایک دوست تھا جسے اپنی سنجیدگی کی وجہ سے بیگم کو پیٹنا شروع کر دیا تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ایک مظلوم بن کر رہ گیا۔

غزل

دیکھو جسے وہ شکوۂ آلام کرے ہے
ہر شخص یہاں عشق کو بدنام کرے ہے

ہے کون خریدار یہاں جنسِ گراں کا
کس واسطے اندازِ ستم عام کرے ہے

بیتابِ محبت ہو کہ مجبور ہوں دل سے
جس کام سے روکو ہوں وہی کام کرے ہے

اُس جنبشِ ابرو ہی پہ چلتا ہے زمانہ
تسلیم اُسے گردشِ ایام کرے ہے

بندہ ہی پڑا اُس بُت کافر کا پجاری
یہ عشق ہے جو کفر کو اسلام کرے ہے

بانوں ہوں [illegible]
دکھیں ہوں [illegible] نظر کام کرے ہے

[illegible] غم کے [illegible]
[illegible] انجام کرے ہے

[illegible]
[illegible] آرام کرے ہے

[illegible]
[illegible] کو بدنام کرے ہے

[illegible]



بزمِ خواتین

ہم بھی کہانی

اسی طرح جیسے ہر ایک کو کوئی نہ کوئی غم ہو
مجھے دیکھو نہیں تم سکرا رہے ہو
سب ہی تم کو نظر آتے ہیں
ہر ایک کی پیشانی پر کہ سوالجھن کی لکیریں صاف دکھائی دیتی ہیں
اس طرح بیٹھتے ہیں کہ ان کیفیتوں کا کوئی اندازہ ہو سکے
اور آپ تو کسی کو کسی سے محبت بھی نہیں ہے!

میں ذہنی سوالات میں غرق تھی کہ اچانک پیچھے سے ایک نہایت میلا کچیلا ہاتھ کسی نے میرے کندھے پر رکھ دیا۔ میں ایک دم سہم کر مڑی۔ اور تیل اس کے کرم میں کچھ کستی بڑبڑاتے صدا آئی۔

"تیرا بھلا ہو گا!"

میرے قدم تیز تیز آگے بڑھنے لگے اور ساتھ ہی آواز بھی میرا تعاقب کرنے لگی۔ آخر کار وہ آواز مجھ تک پہنچ ہی گئی۔

"جیتے رہے بہن، تیری اولاد کی خیر ہو گی!"

میری زبان سے بے ساختہ نکلا۔

"میری کوئی اولاد نہیں ہے!"

"تو سدا سہاگن رہے، اللہ کے نام پر پیسے دے دے تیرا بھلا ہو گا!"

ایک بے مقصد سی مسکراہٹ میرے ہونٹوں پر پھیل گئی۔

"میں سہاگن نہیں ہوں!"

"تو کیا تم کنواری ہو؟"

"نہیں!"

بھکارن نے جھجکتے ہوئے سوال کیا۔

"تو کیا تم بیوہ ہو؟"

"نہیں، ان باتوں سے تمہیں کیا مطلب؟"

"مجھے تو اپنے پیٹ سے مطلب ہے بی بی جی!" یہ کہہ کر بھکارن پیچھے ہٹ گئی۔

"اچھا تو یہ لے چار آنے اور جا میرا پیچھا چھوڑ!"

بھکارن چار آنے لے کر بہت خوش ہوئی اور وہ دعائیں دیتی ہوئی آگے بڑھ گئی۔

میں اس بھکارن کے بارے میں سوچنے لگی، یقیناً ایک دن وہ بھی جوان ہو گی اور اس کے دل میں بھی بے پناہ ارمان ہوں گے۔ گردشِ زمانہ کی گردش نے اسے کہاں سے کہاں لا کر پھینک دیا۔ کتنی بے بس ہو کر رہ گئی تھی وہ۔ کافی دیر تک میں انہی الجھنوں میں الجھی رہی، پھر جونہی آگے بڑھی، مجھے ظفر نظر آیا جو اپنی مخصوص مسکراہٹ کے ساتھ آ رہا تھا۔ اسے دیکھتے ہی میرا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔ آتی جاتی سانس اوپر نیچے ہونے لگی۔ شاید یہ کیفیت اس جنونی محبت کا اثر تھا کہ دل کی دھڑکن اس کے آنے سے پیشتر تیز تر ہو گئی تھی۔ اسی تذبذب میں فیصلہ نہیں کر پا رہی تھی کہ کھڑی رہوں یا واپس لوٹ جاؤں۔ پھر اچانک ایک خیال آیا بہت ممکن ہے ظفر نے سنا ہو کہ میری شادی ہوئی تھی اور طلاق بھی ہو گئی۔ اس خیال کے آتے ہی ایک بجلی نے تڑپ کر میرا دل کانپ اٹھا اور میں ساکت و جامد اپنی جگہ پر کھڑی رہی۔ ظفر کافی حد تک قریب آ گیا تھا، اپنی مخصوص مسکراہٹ کے ساتھ مجھ پر نگاہ ڈالتے ہوئے نہایت گرمجوشی کے ساتھ خیر و عافیت پوچھی۔ میری شادی کی بات سن کر بھی بس عادت اس نے آتے ہی باتیں کرنی شروع کر دیں۔ وہ کہہ رہا تھا:

"آخر مجھ میں کیا عیب ہے جو ایک نظر اٹھا کر بھی دیکھنا گوارا نہیں؟"

میں دھیرے سے مسکرا دی اور اس کی باتوں میں کھو گئی، آنکھوں میں یہ کیفیت دیکھ کر شاید اس نے تذبذب کر کے پھر نظر پھیر لی۔ پھر بولا۔

"تمہارے لیے ... [illegible] ... کے لئے جو مر جاتی تو تمہیں بھی کیا پرواہ تھی تم تو شب کے دن ترس رہی تھیں؛ تمہارے پاس تو وقت بھی نہیں کہ میری خیر لیتیں! کاش میں تمہیں بتا سکتا کہ تم سے مجھے کتنی محبت ہے، پر تم کیسے یقین کرتیں، تم تو دولت والوں کی ... ہو، ... تم کہیں بھی نظر نہیں آئیں، اور تم سوچتی ہو کہ میں ... کیسے گزر رہے ہیں؟"

غم زندگی کی شکایت کیا کروں، میری قسمت تو یہ ہی ہے۔ غم میں بھی مسکراتی ہوں، موت کی بھی خواہش ہے اور جینے کا بھی ارمان ہے!

"آخر زندگی سے اس قدر بیزاری کیوں! ابھی تم نے دیکھا ہی کیا ہے؟"

"اپنی مختصر سی زندگی میں میں نے بہت کچھ دیکھ لیا ہے!"

ظفر نے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا۔

"یہ محض تمہارا خیال ہے!"

ایک لمحے کے لئے میں خاموش رہی پھر دھیرے سے کہا۔

"اگر کسی کے سینے میں کسی کے دل میں کوئی محبت ہی نہ ہو تو اُسے جینے کا کوئی حق نہیں ہے۔"

"ایسا کون سا دل ہو گا جو تمہیں ٹھکرا دے گا!" اور یہ کہہ کر اس نے میرے دونوں ہاتھ پکڑ لئے۔ میرا دل ایک دم دھڑک اٹھا اور میرے دونوں ہاتھ جیسے شل ہو کر رہ گئے۔ اپنے جذبات کو زیادہ دیر تک پوشیدہ نہ رکھ سکی اور حالات کا تقاضا بھی یہی تھا کہ سب کچھ کہہ دوں۔ وہ مسلسل اپنے ہاتھوں سے میرے نازک ہاتھوں کو سہلائے جا رہا تھا، میں پسینے سے شرابور ہو گئی تھی۔ میں نے کپکپاتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"میری زندگی ویران ہو کر رہ گئی ہے!"

"میں تمہارا مطلب نہیں سمجھ سکا!" ظفر چونک پڑا۔

"ایک شخص سے میری شادی ہوئی اور طلاق بھی ہو گئی، اس شخص نے مجھے اور میرے گھر والوں کو دھوکا دیا، اس کی بیوی اور بچے پہلے ہی سے موجود تھے!" ظفر کے ہاتھوں میں کچھ لرزش سی ہوئی اور پھر اس نے ایک جھٹکے سے اس نے میرے ہاتھوں کو چھوڑ دیا۔ اور چند قدم پیچھے ہٹ گیا، پھر دریافت کیا۔

"شادی کے کتنے دن تم نے اس کے ساتھ گزارے؟"

"یہی کوئی چھ مہینے!"

ظفر نے ایک معنی خیز انداز میں "ہوں" کہا، پھر اس طرح گویا ہوا۔

"اس سلسلے میں میں تمہاری کیا مدد کر سکتا ہوں؟" اس کے یہ الفاظ انگاروں کی شکل بن کر میرے کانوں میں گونجنے لگے، میں مدہوش ہو گئی۔ میری رگ رگ میں اضطراب کی لہریں دوڑنے لگیں، میری آنکھوں سے اُمیدوں کی تمام تر گرمی روشنی بن کر بہنے لگی۔ دلی تاثرات کو پوشیدہ رکھنے کے لئے میں نے اپنا سر جھکا لیا۔ جی چاہا کہ اس کے پاؤں پر اپنا سر رکھ دوں لیکن نہیں، سمجھنے میں مجھ سے غلطی ہوئی، وہ کہہ رہا تھا۔

"تم پروفیسر صاحب سے نکاح کیوں نہیں کر لیتیں؟ میرا تو دوستانہ مشورہ یہی ہے کہ تم ان سے نکاح کر لو، بے چارے کی بیوی کو گئے ایک عرصہ ہو گیا ہے!"

میرے کانوں کے پردے پھٹ گئے، رگ رگ میں خون منجمد ہو کر رہ گیا۔ آنکھوں میں آنسو لئے اس کی طرف تکنے لگی جیسے وہ کہہ رہا ہو، "میں بھلا تم سے کیونکر شادی کر سکتا ہوں!"

وقت کتنی تیزی سے بدل جاتا ہے! ابھی چند لمحے پہلے جو ... میری نظروں میں دیوتا تھا، اب ایک حیوان کی حیثیت اختیار کر گیا تھا۔ کرب و درد کو اپنے دل میں دبا کر کہا:

"میں سمجھ گئی ظفر، تمہیں میری سرال والوں کا خیال ہے ..."

ظفر کے قدم اب تیز تیز آگے بڑھ رہے تھے۔ پیچھے ... تھی اور میں دونوں ہاتھوں سے منہ چھپا کر رو پڑی۔ آخر مجھے کس گناہ کا بدلہ ملا، جب کہ میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا۔

پھر جیسے ہی میں نے ادھر اُدھر دیکھا، اپنے آنسو خشک کئے۔ سامنے وہی لڑکی تھی اور اسی سڑک پر چلا جا رہا تھا، کوئی ایک ہی جیسے میں منزل کی طرف۔ ... وہاں نظر آ رہا تھا۔ سڑک کی گہما گہمی اور گاڑیوں کی ملی جلی آوازوں میں میری سسکیاں دب کر رہ گئی تھیں۔ پھر میں اپنے چہرے پر غم کے تاثرات چھپانے کی کوشش کرنے لگی تاکہ دیکھنے والے کوئی میری کیفیتوں کا اندازہ نہ لگا سکے۔

اور میں غم کے سائے میں آہستہ آہستہ اپنے ... چلی گئی۔

۴

دسترخوان کا ذائقہ سستی غذاؤں سے

(پسندیدہ ترکیبیں ...)

تلی ہوئی بھنڈی

اشیاء: آدھ سیر بھنڈی، آدھ پیاؤ تیل، ایک بڑی کٹی پیاز، ایک چائے کا چمچہ پسا ہوا دھنیا، نمک، اور پسی ہوئی سرخ مرچ حسب ذائقہ۔

ترکیب: بھنڈیاں صاف کر کے باریک باریک کاٹ لیں۔ پیاز بھی چھیل کر کاٹ لیں۔ تیل جلا لیں، اب اس میں پیاز تلیں۔ جب سرخ ہونے لگے تو دھنیا ڈال دیں، ساتھ ہی بھنڈی، نمک اور مرچ بھی ڈال دیں۔ جب خوب بھون لیں تو زائد تیل خارج کر دیں۔ گرم گرم پیش کریں۔ پیاز کے پھولوں اور لیموں کے ٹکڑوں کے ساتھ سجائیں۔

مٹر پلاؤ

اشیاء: ایک پیالی مٹر کے دانے، دو پیالی چاول، ایک کھانے کا چمچہ گھی، ایک چھوٹی کٹی پیاز، نمک حسب ذائقہ۔

ترکیب: چاول صاف کر کے بھگو دیں۔ دیگچی میں مٹر کے دانے ابال لیں۔ اس میں آدھی پیالی پانی چھوڑ دیں۔ جب دانے ذرا سخت ہوں تو اتار کر الگ رکھ دیں۔ اب چاول ابالیں۔ چاول بھی ذرا سخت ہی ہوں تو اتار کر پانی سے الگ کر دیں۔ مٹر اور چاول دونوں کو ابالتے وقت پانی میں نمک ضرور شامل کریں۔

دوسری پتیلی میں گھی گرم کریں۔ کٹی ہوئی پیاز گھی میں سرخ کر لیں۔ پیاز سرخ ہو جائے تو نکال کر الگ رکھیں، اس گھی میں پیاز ڈال کر بھونیں، پھر مٹر اور مٹروں کی یخنی شامل کر دیں۔ جب یخنی خشک ہو جائے اور چاول گل جائیں حسب منشا گل جائے تو ان کو چمچے سے ہلا کر دیں۔ تیل سے نیچے آنچ کم رکھیں۔ پتیلی کا ڈھکن صاف کپڑے میں لپیٹ کر پتیلی پر رکھیں۔ ڈھکنے پر کوئی وزنی چیز رکھیں اور دم دے دیں۔

گائے کی زبان

اشیاء: ایک عدد زبان، پانچ دانے سیاہ مرچ، دو چائے کے چمچے نمک، ایک چھوٹی کٹی پیاز۔

ترکیب: پتیلی میں زبان، ثابت سیاہ مرچیں، نمک اور کٹی ہوئی پیاز ڈال کر پانی ڈالیں اور چولہے پر چڑھا دیں۔ تین چار گھنٹے بعد جب زبان گل جائے تو پتیلی سے نکال کر تیز چاقو سے اس کی کھال نکال دیں۔ کھال موٹے حصے کی جانب سے نکالتی ہوئی پتلے حصے کی جانب جائیے۔ اب صاف زبان کی بوٹیاں بنا لیں۔ ایسے سالن میں دس پندرہ منٹ بگھار پیش کریں۔

زبان کی بوٹیاں پکانے کے لئے ایک چمچہ گھی، ایک ٹماٹر، آدھا چمچہ پسی ہوئی سیاہ مرچیں اور حسب ذائقہ نمک کی ضرورت پیش آئے گی۔ گھی گرم کر کے اس میں کٹا ہوا ٹماٹر، نمک اور مرچ شامل کر دیں، ساتھ ہی زبان کی بوٹیاں بھی ڈالیں۔ پندرہ منٹ بھون کر اتار لیں۔ الگ پیالے میں دہی کے ساتھ پیش کریں۔

مراسلات

(مراسلہ نگار کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں)

محترم ایڈیٹر صاحبہ!

آپ کے اخبار کے ۱۵ اپریل کے شمارے میں خواتین کی بزم میں "بچوں کو کیا سکھانا چاہئے" کے عنوان سے ایک بڑا عمدہ مضمون پڑھنے میں آیا۔ میں بھی ایک عرصے سے اسی ضمن میں آپ کو لکھنا چاہتی تھی۔

یہاں مجھے اکثر پاکستانی بہن بھائیوں کے ترتیب کئے ہوئے جلسوں میں شرکت کا موقع ملا ہے اور ہر دفعہ اپنے بچوں میں آدابِ محفل سے ناواقفی دیکھ کر سخت افسوس ہوا ہے۔ حال ہی میں ایک ایسی محفل بھی دیکھی ہے جہاں کچھ کینیڈین لوگ بھی اپنے بچوں کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔ ان کے چھوٹے چھوٹے بچے جلسے کے اختتام تک اپنی اپنی سیٹ پر بڑے صبر اور سکون کے ساتھ بیٹھے رہے جبکہ ہمارے بچے مسلسل بھاگ دوڑ اور چیخ و پکار میں مصروف تھے۔ حد یہ ہے کہ ان میں سے بعض تو اسٹیج پر بھی جا پہنچے تھے۔

کیا یہ ہماری کوتاہی نہیں ہے کہ ہمارے بچے محفلوں میں تو شریک ہوں لیکن محفل کے آداب سے بے بہرہ ہوں؟

جو بچے بالکل کم سن اور ناسمجھ ہیں انہیں ایسی محفلوں میں لے جانا ہی درست نہیں۔ لیکن جو بچے کچھ سمجھدار ہیں انہیں ضرور ہماری تہذیبی محفلوں میں شرکت کا موقع ملنا چاہئے۔ اور اس کے لئے انہیں تیار کرنا ہم تمام ماں باپ کا اہم فریضہ ہے۔

میں آپ کے اخبار کے ذریعے اپنی تمام بہنوں اور بھائیوں سے درخواست کروں گی کہ وہ اس اہم مسئلے کی طرف توجہ دیں۔ کیونکہ یہی بچے کل بڑے ہو کر ہماری قوم اور اس کی تہذیب کی نمائندگی کریں گے۔

ایک ماں کی جانب سے

ایڈیٹر کرسنٹ پاکستان ...
بسلسلہ پاکستان کمیونٹی کے انتخابات

۱۱ مئی ۱۹۷۴ء کے منعقدہ الیکشن کی روداد پاکستان کمیونٹی کے لئے ایک سانحہ سے کم حیثیت نہیں رکھتی۔ چیئرمین ایڈ ہاک کمیٹی نے تمام جمہوری اصولوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے بہت سے معتدد ووٹوں کو استثنائی غیر واجب طور پر مسترد کر دیا۔ اور اُمیدواروں کی تمام کوششوں کے باوجود اس بات پر چیئرمین ایڈ ہاک کمیٹی رضامند نہ ہوئے کہ بیلٹ پیپروں کو رد کرنے کی وجہ بیان کریں۔

ان حالات میں چیپیشی اُمیدواروں کی ناکامی اور جدیدیت اُمیدواروں کی کامیابی ایک سوچی سمجھی منظم سازش کی واضح جھلک نظر آتی ہے۔ دیگر کئی ناجائز کارروائیوں کو چھوڑتے ہوئے جو اس الیکشن میں روا رکھی گئیں، یہی ایک بڑی وجہ نظر آتی ہے کہ اس حالیہ الیکشن کو ایک ڈھونگ تصور کرتے ہوئے پاکستانی کمیونٹی ایڈ ہاک کمیٹی کے چیئرمین کے آمرانہ اور انتہائی غیر منصفانہ فیصلے کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرے اور اس تمام کارروائی کو جمہوری، اخلاقی اور قانونی طور پر ناجائز قرار دے۔

واقعات اس طرح ہیں کہ الیکشن کے دن ایک سو ستر ووٹوں کو یہ کہہ کر ایک طرف رکھ دیا گیا کہ ان ووٹوں میں چند ایک ایسے ووٹ شامل ہیں جو ہمارے الیکشن کے اصولوں کے خلاف ہیں۔ بعد میں معین الدین صاحب نے جو ایڈ ہاک کمیٹی کے چیئرمین تھے انہوں نے کہا کہ اس وقت ان ووٹوں کے بارے میں فیصلہ کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ وقت کم ہے اور ایڈ ہاک کمیٹی کے تمام افراد تھک چکے ہیں۔ لہٰذا ان ووٹوں کو معین الدین صاحب اپنے فیصلے کے خلاف بغیر کسی کو اطلاع دیئے اپنے گھر لے گئے۔

پھر محمود الٰہی صاحب نے جو کہ نا اتفاقی کی بنا پر ناکام ہونے والے اُمیدواروں کی نمائندگی کرتے تھے، معین الدین صاحب کو ایک رجسٹرڈ لیٹر بھیجا لیکن معین الدین صاحب نے اس خط کا بھی جواب نہیں دیا۔ بعد میں اس خط کی ایک کاپی پاکستان کے سفیر جناب افتخار علی صاحب کو بھیج دی گئی۔ جناب افتخار علی صاحب نے محمود خان صاحب کو فون کر کے کہا کہ اس کا فیصلہ کر لیں کیونکہ یہ بہت ضروری ہے لیکن اس کے باوجود معین الدین صاحب ٹال مٹول کرتے رہے۔ اب انہوں نے کہا کہ میں ایڈ ہاک کمیٹی سے مشورہ کر چکا ہوں اور یہ میرا آخری فیصلہ ہے۔ آپ لوگ چاہیں تو عدالت جائیں یا دوسری کوئی ایسوسی ایشن بنا لیں، مجھے اس کی پرواہ نہیں۔ جب ایڈ ہاک کمیٹی کے چند افراد سے اس ضمن میں بات کی گئی تو انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔

ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ معلوم ہوا ہے کہ ایک ایسی ایسوسی ایشن بنائی جائے جو کہ صحیح معنوں میں پاکستانی کمیونٹی کی نمائندگی کر سکے۔

منجانب:
محمود الٰہی - سید عبد الباسط
خواجہ سرور احمد - اسلم خان - محمد رشید میاں
نعیم شاکر - عارف بٹ - ڈاکٹر کلیم اللہ
آصف شجاع - جاوید اختر (ڈرائی)

مولانا بھاشانی کو گرفتار کر لیا


وزیر اعظم بھٹو کے دورے کے موقع پر دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کا الزام

نیپ کے دو اور اعلیٰ عہدیدار بھی گرفتار کر لیے گئے

اسلامی کانفرنس کے نتیجے میں امن عالم کی علمبردار نئی اسلامی قوت نے جنم لیا ہے

کانفرنس کے مشترکہ اعلامیہ میں بھارتی دھماکہ پر پاکستان کے موقف کی مکمل تائید کی گئی ہے

بھارت آئندہ ایٹمی دھماکے نہ کرے تو سفارتی تعلقات قائم ہو سکتے ہیں: بھٹو



ایٹمی دھماکے سے تعلقات کو معمول پر لانے کی کوششوں کو سخت نقصان پہنچا ہے

دھماکہ پر امن مقاصد کے لیے ہے تو بھارت کو بین الاقوامی کنٹرول اور نگرانی پر اعتراض نہیں ہونا چاہیے

اخبارات میں قابل احترام علماء کو بدنام کرنے کی مہم بند ہو جانی چاہیئے: مولانا کوثر نیازی



علماء بھی اپنا نام سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہ ہونے دیں

قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کو اپنا اہم کام مکمل کرنے کیلئے سازگار ماحول مہیا کرنے کی اپیل

وزراء کے استعفے منظور کر لیے گئے

ڈھاکہ: ۸ر جولائی (ر پ) بنگلہ دیش کی حکومت میں زبردست بحران پیدا ہو گیا ہے اور شیخ مجیب الرحمٰن کے چھ وزیروں اور تین وزرائے مملکت نے استعفے دے دیئے ہیں۔ ان کے استعفے منظور کر لیے گئے ہیں۔ ... جلال الدین ... شامل ہیں۔ ان کے مستعفی ہونے کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکیں۔

مفتی اعظم فلسطین سید امین الحسینی انتقال کر گئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن



جامع مسجد میں ڈنر

۷ر جولائی کو جامع مسجد ٹورانٹو میں مسلم کمیونیٹیز آف ٹورانٹو کی جانب سے ایک ڈنر کا انعقاد عمل میں آیا۔ جس میں تقریباً تین سو خواتین و حضرات نے شرکت کی۔ اس ڈنر کی آمدنی جامع مسجد کے فنڈ میں دے دی گئی۔

اسلامی کانفرنس میں لیبیا اور متعدد دیگر ملکوں کی طرف سے پاکستان کے موقف کی بھرپور حمایت

ایٹمی دھماکے کے بارے میں بھارت کی یقین دہانی کافی نہیں سمجھی جانی چاہیے: کمال حسن

ولی خان کی اصل بیماری کیا ہے!

محکمہ بحالیات آج سے ختم کیا جا رہا ہے

باقی کام محکمہ مال کے سپرد کر دیا جائیگا

فالتو عملہ کو دیگر محکموں میں کھپایا جائیگا

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ملن

نیا پاکستانی ریڈیو پروگرام

ٹورانٹو اور اس کے قرب و جوار میں رہنے والے پاکستانیوں کے لیے ہر جمعہ کو رات ۱۱ سے ۱۲ بجے تک پاکستانی خبروں اور گانوں پر مشتمل رنگارنگ ریڈیو پروگرام نشر کیا جا رہا ہے۔ آپ اسے RADIO CHIC 790 AM پر سن سکتے ہیں۔

★

ٹورانٹو میں مینا بازار

۱۳ر جولائی کو ٹورانٹو کی جامع مسجد میں پاکستان ریڈنگ سنٹر کے منتظمین کی جانب سے مینا بازار کا ایک کامیاب میلہ پیش کیا گیا جس میں تقریباً چھ سو مسلم خواتین و حضرات نے شرکت کی۔

پی۔ آئی۔ اے اور دوسرے مقامی تاجروں کے سٹال پاکستانی میلوں جیسا سماں پیش کر رہے تھے۔ کھانے پینے کا بندوبست پاکستانی خواتین کے ذمے تھا۔ جنہوں نے نہایت خوش اسلوبی سے لوگوں کی خاطر مدارات کی۔

پاکستان ایسوسی ایشن ... کی ڈاکومنٹری فلم بھی پیش کی گئی۔

مینا بازار سے حاصل ہونے والی آمدنی جامع مسجد کے حوالے کی گئی جبکہ باقی پاکستان ریڈنگ سنٹر کے اخراجات پر صرف ہوگی۔ منتظمین مینا بازار کے اس کامیاب انعقاد پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

میں پاکستان ضرور جاؤنگا میرے دورے سے باہمی خیرسگالی میں اضافہ ہوگا : مجیب

بنگلہ دیش دوسرے ملکوں کی طرح پاکستان کو بھی دوست سمجھتا ہے

مجیب الرحمٰن نے دورۂ پاکستان کی دعوت قبول کرلی

ڈھاکہ ۔۔۔ وزیراعظم شیخ مجیب الرحمٰن نے پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت قبول کرلی ہے۔ انہوں نے کل رات عشائیہ کے بعد اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ میں پاکستان ضرور جاؤں گا۔ میں لاہور بھی جاؤں گا اور کراچی میں تو میرے بہت سے ذاتی دوست بھی ہیں۔ میرے اس دورے سے باہمی خیرسگالی میں اضافہ ہوگا ...

بڑے بھائی آپ کیسے ہیں؟

ڈھاکہ ۲۹ جون (اے پی پی) ڈھاکہ کے اخبارات نے خبر دی ہے کہ کل جب وزیراعظم بھٹو اپنے جلسہ سے باہر آئے تو شیخ مجیب ... کیسے ہیں ...

شیخ مجیب الرحمٰن نے مسٹر بھٹو کے ... جواب میں ... یقین دلایا کہ ان کی حکومت کی بھی پالیسی یہ ہے کہ سب کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھے جائیں اور بنگلہ دیش پاکستان کو بھی دوست سمجھتا ہے ...

مقبوضہ کشمیر میں شیخ عبداللہ بہت جلد برسراقتدار آجائیں گے

کراچی ... یہاں موصول اطلاعات کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں شیخ عبداللہ عنقریب برسراقتدار آجائیں گے۔ ... مقبوضہ کشمیر کے نوتب ... نے ایک بیان میں انکشاف کیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں عنقریب زبردست سیاسی تبدیلیاں ہونے والی ہیں ... شیخ عبداللہ نے حال ہی میں بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی ... سے تفصیلی بات چیت کی تھی ...

بات چیت کے دوران مقبوضہ کشمیر کو باقاعدہ طور پر بھارت میں شامل کرنے کی تفصیلات طے کرلی گئی ہیں ... بھی کرالی جائے گی۔



ملاقات کا ایک عظیم موقع ہاتھ سے نکل گیا ہے : کمال حسین

۱۹۷۱ء کے واقعات کے بعد پیدا ہونے والے شکوک و شبہات پر قابو نہیں پایا جاسکا

نئی دہلی ۱۹ جون (اے آئی آر) وزیر خارجہ بنگلہ دیش ڈاکٹر کمال حسین نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے بنگلہ دیش کے لیڈروں کے ساتھ مذاکرات کے دوران اثاثوں کی تقسیم اور بہاریوں کی پاکستان واپسی جیسے دو اہم ترین مسائل کا تصفیہ نہ ہو سکنے سے مفاہمت کا ایک عظیم موقع ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ ڈاکٹر کمال حسین نے ڈھاکہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ ۱۹۷۱ء کے واقعات کے بعد دونوں ملکوں کے مابین جن شکوک و شبہات نے جنم لیا تھا ان پر بھی قابو نہ پایا جاسکا

دربار گولڑہ شریف کے سجادہ نشین پیر سید غلام محی الدین انتقال کرگئے

راولپنڈی ۔ ۲۲ جون (نمائندہ خصوصی) دربار گولڑہ شریف کے سجادہ نشین پیر سید غلام محی الدین آج رات قریباً ۱۱ بجے انتقال کرگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم گزشتہ ایک ماہ سے علیل تھے اور ... ایک ہسپتال میں زیر علاج تھے ... گولڑہ شریف ... کے لئے ...

بنگلہ دیش ریڈیو نے پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا مہم شروع کردی

ڈھاکہ ۲۹ جولائی (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش نے شیخ مجیب الرحمٰن اور وزیراعظم بھٹو کی بات چیت کی ناکامی کا اعلان کرتے ہوئے ... ریڈیو نے کہا ہے ... اچھی توقعات تھیں کہ مصالحت ہو ... اس کی خاطر پاکستان ان مسائل کے بارے میں بات چیت کرے گا۔

قادیانی فرقے کا مذہب جھوٹا ہے، مرزا غلام احمد نے قرآن کریم میں تحریف کی ہے

قادیانیوں کی مساجد گمراہی اور فریب کاری کے اڈے ہیں ؛ جامع ازہر کا فتویٰ

قاہرہ ... جامع ازہر ... پاکستان کے ... قادیانی فرقے ... کے مطابق ... شروع ... سے ...

علماء کی سپریم کونسل نے ... اسلام ... مرزا غلام احمد ... خدا کے نبی ... قرآن کریم ... تحریف ...

پاکستان نے کشمیر کی کنٹرول لائن کو کبھی مستقل سرحد تسلیم نہیں کیا: خان قیوم

اسلام آباد [illegible] وزیر داخلہ اور امور کشمیر خان عبدالقیوم خان نے [illegible] اسمبلی میں وضاحت کی ہے کہ پاکستان نے کشمیر کی کنٹرول لائن کو کبھی مستقل سرحد تسلیم نہیں کیا۔ [illegible]

بھارت کے ایٹمی تجربے کی تابکار دھول راولپنڈی تک پہنچ گئی

راولپنڈی [illegible] بھارت [illegible] ایٹمی دھماکہ کیا تھا اس کی تابکار دھول راولپنڈی تک پہنچ گئی ہے [illegible]

صدر اور وزیر اعظم نے جنرل ٹکا خان کی صاحبزادی کی شادی میں شرکت کی

[illegible]

بھارت میں پچاس فیصد فاضل اُجرتیں سرکاری خزانے میں جمع کرانا ہونگی

حکومت نے افراط زر پر قابو پانے کے لیے دو آرڈی ننس جاری کر دیے

نئی دہلی - [illegible]

تمام مسائل فوری طور پر حل نہیں کئے جا سکتے: میرے دورہ ڈھاکہ کے مفید نتائج سامنے آئیں گے

شیخ مجیب الرحمن اور ان کے ساتھیوں سے تفصیلی بات چیت ہوئی، پاکستان خلوص نیت سے بنگلہ دیش کے ساتھ تمام مسائل حل کرنے کا خواہش مند ہے، وزیر اعظم بھٹو کی پریس کانفرنس

ڈھاکہ [illegible] وزیر اعظم بھٹو نے آج شام بنگلہ دیش کا سرکاری دورہ مکمل کر لیا [illegible]

شاہ سکم کو اندرا گاندھی کی [illegible]

نئی دہلی [illegible]

تخریب کاروں کو روس اور افغانستان میں روسی ماہرین نے گوریلا تربیت دی ہے

پاوندوں کے بھیس میں ڈھائی لاکھ افغان باشندے بلوچستان پہنچ گئے

افغان باشندوں کو انتخابی فہرستوں کی تیاری کے وقت نام درج کرانے کی ہدایت دی گئی ہے


راولپنڈی۔ (نمائندہ خصوصی) باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ بلوچستان میں افغان باشندوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے [illegible]

ہفت روزہ 'چٹان' کا ڈیکلریشن منسوخ اور پریس ضبط

نظر بندی کی مدت تین ماہ ہوگی، چٹان کے تازہ شمارہ کی تمام کاپیاں بھی ضبط کر لی گئیں

فرقہ وارانہ نوعیت کا مواد شائع کرنے پر حکومت پنجاب کا اقدام

لاہور، [illegible] (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے آج ہفت روزہ چٹان کے ایڈیٹر آغا عبدالکریم شورش کاشمیری [illegible]



پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارت شروع ہو چکی ہے: شیلیگیات

[illegible]

ہفت روزہ
صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

شورش اور چٹان!

ہفت روزہ "چٹان" کے ایڈیٹر آغا عبدالکریم شورش کاشمیری کو گرفتار کر کے تین ماہ کے لیے نظر بند کر دیا گیا ہے۔ "چٹان" کا ڈیکلریشن منسوخ کر دیا گیا ہے اور اس کا پریس بحق سرکار ضبط کر لیا گیا ہے۔ ہفت روزہ چٹان کے تازہ ترین شمارے کی تمام کاپیاں بھی ضبط کر لی گئی ہیں۔ یہ تمام کارروائی حکومت پنجاب نے فرقہ وارانہ مواد شائع کرنے کی ممانعت سے متعلقہ حکم کی خلاف ورزی کی بنا پر ڈیفنس آف پاکستان رولز مجریہ ۱۹۷۱ کی دفعہ ۳۲ کے تحت کی ہے۔

ہمارے خیال میں حکومت پنجاب نے جس وقت یہ کارروائی کی اس وقت پورے حقائق اس کے سامنے موجود نہیں تھے اور اگر ارباب حکومت کو تمام حقائق کا علم تھا تو پھر یہ سخت تعزیری اقدام بہت بڑی زیادتی ہے۔ حکومت پنجاب کے پریس نوٹ کے مطابق "چٹان" کے جس پرچہ میں قابل اعتراض مواد شائع کرنے کی بنا پر یہ کارروائی کی گئی ہے اس کا نمبر ۲۸ اور اس پر یکم تا آٹھ جولائی کی تاریخ درج ہے یعنی یہ پرچہ یکم جولائی سے پہلے چھپ کر مختلف مراکز تک پہنچنا شروع ہو گیا تھا۔ حکومت پنجاب نے فرقہ وارانہ منافرت اور کشیدگی پیدا کرنے والا مواد شائع کرنے کی ممانعت سے متعلق حکم ۲ جولائی کو جاری کیا تھا۔ طباعت، اشاعت اور اخباری صنعت کے بارے میں تھوڑی بہت شدبد رکھنے والا کوئی شخص بھی یہ اندازہ کر سکتا ہے کہ یکم جولائی کو شائع ہو کر تقسیم و ترسیل کے مراکز تک پہنچنے والے پرچے پر ۲ جولائی کے حکم کی پابندی اگر ناممکن نہیں تو انتہائی مشکل ضرور ہے۔ اس حکم کے اجراء کے بعد آغا صاحب کے سامنے دو راستے تھے۔ اول یہ کہ وہ یکم تا آٹھ جولائی کے چٹان کی تمام کاپیاں ضائع کرتے۔ یہ ان کے لیے ناممکن تھا کیونکہ اخباری زبان میں پرچہ "ڈسپیچ" ہو چکا تھا۔ ان کے سامنے دوسرا راستہ یہ تھا کہ وہ اپنی پوزیشن سے متعلقہ حکام کو آگاہ کرتے۔ ہماری معلومات کے مطابق آغا صاحب نے دوسرا راستہ اختیار کیا۔ اور متعلقہ حکام کو یہ اطلاع دے دی کہ ان کا پرچہ جس میں ان کی دانست میں ایسا مواد شامل ہے جو سنسر ہونا چاہیے تھا چھپ کر جا چکا ہے۔

انہوں نے یہ یقین بھی دلایا تھا کہ وہ آئندہ امتناعی حکم کی پابندی کریں گے پھر آغا شورش کاشمیری دیسے بھی بیمار تھے اور اس امر کا ثبوت اس حقیقت سے بھی ملتا ہے کہ حکومت کو انہیں گرفتاری کے بعد فوراً ہسپتال میں داخل کرانا پڑا۔

آغا شورش کاشمیری کی طرف سے اس وضاحت اور بیماری کے پیش نظر ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ درگزر سے کام لیا جاتا اور آئندہ اگر آغا صاحب امتناعی حکم کی خلاف ورزی کرتے تو سخت ترین کارروائی سے گریز نہ کیا جاتا لیکن موجودہ صورت میں یہ سزا و تعزیر صرف نامناسب ہی نہیں زیادتی کے ذیل میں آتی ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ ارباب اقتدار و حکومت اپنے اس حکم پر نظرثانی کریں گے اور خواہ مخواہ بدمزگی پیدا نہیں ہونے دیں گے۔ ہم وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی ذاتی توجہ بھی اس طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں۔ انہیں ذاتی طور پر مداخلت کرنی چاہیے اور حکومت پنجاب کے ارباب ...

لوگ جو یہ کہانیاں گھڑ کر حقائق کو توڑ مروڑ کر جو فیصلے کئے جاتے ہیں وہ چنداں سودمند نہیں ہوا کرتے بلکہ حکومت کی بدنامی اور نقصان کا باعث ہوا کرتے ہیں۔ اس طرح مسائل بڑھیں گے اور جو لوگ مسائل میں اضافہ کرنے کا موجب بنتے ہیں (خواہ یہ مسائل ناسمجھی یا کم علمی کا نتیجہ ہی کیوں نہ ہوں) وہ بھٹو صاحب کے خیرخواہ ہرگز نہیں۔

• بنگ بندھو کا اخلاق

بنگ بندھو شیخ مجیب الرحمٰن کے متعلق ہم کبھی خوش فہمی میں مبتلا نہیں ہوئے اس کی ساری سیاسی زندگی برصغیر کے مسلمانوں کے اجتماعی مفاد کی مخالفت کا عنوان رہی ہے جس شخص نے قائداعظم ایسی مسلمانان برصغیر کی محسن شخصیت کے جلسہ میں بنگالی زبان کے حق اور اردو کی مخالفت میں نعرہ بلند کرنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کی تھی جس نے "کراچی" کے حامی عقیدہ کی بدولت وزیراعظم بھٹو کے ہاتھوں غیر مشروط رہائی پانے کے بعد بنگلہ دیش پہنچ کر سب سے پہلے یہ اعلان کیا کہ وہ گذشتہ پچیس برسوں سے بنگلہ دیش کا خواب دیکھ رہے تھے اس شخص سے کبھی مروت، حسن اخلاق اور بہتری کی توقع رکھنا ہماری نظر میں عبث تھا اور ہے۔ چنانچہ اپنی اس خصلت کا مظاہرہ وہ وزیراعظم بھٹو کے دورہ کے دوران بھی کیے بغیر نہ رہ سکے انہوں نے استقبالیہ دعوت میں مسٹر بھٹو کو اردو میں تقریر کرنے سے تہذیب کو اور آداب سفارت کا حوالہ دیکر غیر ملکی اردو کو نہیں بھی سکیں گے حالانکہ خود انہوں نے بنگالی میں تقریر کی۔ انہوں نے مسٹر بھٹو کو سہروردی، فضل الحق اور ناظم الدین مرحومین کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اجازت نہ دی۔ ڈاکٹر ملک اور مسلم لیگی رہنما خان عبدالصبور خان جاشانی وغیرہ سے بھی نہ ملنے دیا اس کے برعکس تمام نہاد شہداء کی یادگار (ساور) پر بلیک میل کرکے جانے پر مجبور کیا کہ اگر مسٹر بھٹو وہاں نہیں جائیں گے تو بقیہ پروگرام بھی منسوخ کر دیا جائے گا۔ یہ ساری باتیں سفارتی آداب کے ہی خلاف نہیں ادنیٰ اخلاق کے بھی منافی ہیں جس شخص کی تہذیب و شائستگی کا یہ عالم ہو وہ بنگلہ دیش کا وزیراعظم تو ہو سکتا ہے بھارت کا کٹھ پتلی بن سکتا ہے۔ کم از کم پاکستان کے بارے میں اس سے کسی نیکی کی توقع نہیں کی جانی چاہیے بلکہ پاکستان کے ان ارباب حکومت اور سیاستدانوں پر حیف ہے جن کی آنکھیں نہ کھلیں جو رہا ماندہ ہیں بنگ بندھو کی دشنام طرازی پر مرحبا کہتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن دو منہ رکھنے والے (منافق) کو تمام لوگوں میں بدتر پاؤ گے جو ایک گروہ کے پاس ایک منہ لے کر آتا ہے اور دوسرے لوگوں کے پاس دوسرے چہرے کے ساتھ ——— (بخاری و مسلم)

بحث و نظر ——— سفیر کے قلم سے

ایران مشرق کی طرف دیکھ رہا ہے

بھارت کے ساتھ تازہ معاہدات سے بھارتی صنعت کو سہارا مل جائیگا

حال ہی میں بھارت اور ایران کے تعلقات میں ایک اہم تبدیلی رونما ہوئی ہے گو بھارت کے ماضی کے جوہری تجربہ کے خوف و انتشار کے باعث بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی کے دورہ ایران کے سیاسی اور اقتصادی نتائج ایک حد تک پس منظر میں چلے گئے ہیں

اندرا گاندھی کے دورہ ایران کے دوران شاہ ایران بھارت کو ایک ارب ڈالر کے قرضہ کا وعدہ کر چکے جس کا مقصد یہ ہے کہ بھارت کے کارخانے ایران کو سیمنٹ، بلٹ (ملٹ؟) فولادی سامان، کاغذ، نیوز پرنٹ، اور کیمیکلز مہیا کریں تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بھارت کے وہ کارخانے جو بیرونی سرمایہ میں بھارتی مال کی کھپت کے باعث بیکار پڑے تھے، پھر چلنے لگے۔

بھارت اور ایران کے مابین حالیہ اقتصادی اشتراک کے معاہدہ کے دوسرے پہلو یہ ہیں ایران نے بھارت کو آسان شرائط پر ایک ارب ڈالر کا قرضہ ہی نہیں دیا۔ بلکہ ہر سال ۵۰ لاکھ ٹن تیل دینے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ جس کی مالیت چالیس کروڑ ڈالر ہے۔ بھارت کو اس قیمت کی ادائیگی میں نہ صرف چھوٹ دی گئی ہے بلکہ اس کی شرح سود بھی کم رکھی گئی ہے اس کے علاوہ یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ مدراس کے تیل صاف کرنے کے کارخانے کی صلاحیت ۲۵ لاکھ ٹن سے بڑھائی جائے گی۔ دونوں ملکوں نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ وہ بحری جہاز بنائیں گے اسی طرح دونوں ملکوں کے مابین جوہری توانائی کے بارے میں بھی اشتراک کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کا مطلب یہ ہے۔ کہ بھارت ایران کو ایک جوہری طاقت بننے میں بھی امداد دے گا۔ اس معاہدہ کی رو سے بھارت کو وسیع وسائل حاصل ہو جائیں گے اور وہ روس اور امریکہ کی اقتصادی امداد کا سہارا لیے بغیر ایک بڑی طاقت بننے کے پروگرام کو جاری رکھ سکے گا۔

ایران نے بھارت کے ساتھ اقتصادی اشتراک کا معاہدہ کیا ہے۔ اس کے اسباب ایران کی اقتصادی ترقی کے تقاضوں میں تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ اقتصادی ترقی کی فیصد شرح میں ایران اس وقت دنیا کے ملکوں میں سب سے آگے ہے۔ تیل کی موجودہ برآمدات میں اضافہ کی شرح ۳۰ فیصد ہے۔ ایرانی حکومت تیل کو بیرونی تجارت میں شامل نہیں کرتی۔

غیر ملکی زرمبادلہ سے ایران کو معقول آمدنی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اس کی آمدنی کا گوشوارہ فاضل ہے یہ اس کا نتیجہ ہے کہ اشیاء اور سروسز کی درآمد میں خاصہ اضافہ ہوا ہے لیکن غیر ملکی قرضوں کو اس نسبت سے کام میں نہیں لایا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر بہت وسیع ہو گئے ہیں۔

اس لیے شاہ ایران کا خیال ہے کہ وہ خام تیل کو اس حد تک فروخت کرنا چاہتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے وہ پیٹروکیمیکل اور دواسازی کی صنعتیں قائم کر سکیں۔ ان کے نزدیک تیل کے ذخائر ایک روز ختم ہو جائیں گے۔ گو اس سال ایران کو تیل سے ۱۸ کروڑ ڈالر کا معاوضہ ملے گا۔ اس لیے وہ ایک بنیادی صنعتی ڈھانچہ بروئے کار لانے کے متمنی ہیں تاکہ ان کو تجارت میں خسارہ نہ رہے اور غیر ملکی زرمبادلہ کمانے کے لیے ان کا تیل پر انحصار کم ہو جائے۔ ۱۹۷۸ء میں جب ایران کا پانچواں منصوبہ ختم ہوگا۔ تو ملک کی مجموعی پیداوار (جی این پی) ۳۴ ارب ڈالر ہوگی۔ اس وقت درآمدات کا خرچ ۸۵ ارب ڈالر ہوگا۔ جو بڑا حوصلہ شکن ہے۔ اس وقت فی کس آمدنی ساڑھے چار ہزار ڈالر ہوگی۔ اس صورت حال کا نتیجہ یہ ہے۔ کہ اس وقت ایران کو سرمایہ کی بجائے ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے۔

جس وقت بھارتی وزیراعظم ایران میں تھیں اس وقت مغربی جرمنی کا وزیر خزانہ بھی ایران میں تھا۔ شاہ ایران نے ان کو اس موقعہ پر محض اس وجہ سے بلایا تاکہ اندرا گاندھی کو سودابازی میں کڑی شرطیں پیش کرنے سے روکا جائے۔ دوسرے اس وقت مغربی جرمنی ایران کا سب سے بڑا تجارتی رفیق ہے۔ لیکن ایران اس وقت یہ چاہتا ہے کہ خام مال کے حصول اور ٹیکنالوجی میں اور دوسرے ملکوں کا بھی اشتراک حاصل کیا جائے۔

جس حد تک صنعتوں کا تعلق ہے۔ ایران پرزے جوڑ کر مشینیں تیار کرنے اور اشیاء کے صرف کی صنعتوں کے سلسلے میں خودکفیل ہو چکا ہے۔ اب ایران اس حالت میں ہے کہ چھوٹی صنعتوں کی بجائے اوسط درجے اور بڑی صنعتوں کی طرف توجہ کرے۔ ان صنعتوں میں (الف) پیٹروکیمیکل انجینئرنگ آٹو موبائل (AUTOMOBILE) (TIVE) پلانٹ، مشینی پرزے، بجلی، ٹرانسپورٹ کا سامان اور پائیدار اشیاء کے صرف شامل ہیں اس وقت سارے ملک میں بنیادی صنعتی نظام کا ایک جال بچھایا جا رہا ہے۔ صنعت کاری میں سرعت کا نتیجہ یہ ہے۔ کہ اس وقت ملک کو بعض ایسی اشیاء کے صرف کی ضرورت ہے جن کی دنیا میں کمی ہے۔ اس کے علاوہ متوسط طبقہ میں بڑی سرعت کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے جن کے مطالبات روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ اور تعلیم کی ترقی کے باعث روزگار کے نئے مواقع کھل رہے ہیں

اس صورت حال کے پیش نظر ایران کا یہ خیال ہے کہ اپنی بڑھتی ہوئی صنعتی ترقی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے وہ کسی ایسے ملک کا سہارا لے جو ترقی پذیر ہو اور اپنے محدود وسائل کے باعث اس کی مانگوں کو پورا کر سکے۔ ایران کی نظر اس ...

زور قوت تھی جہاں میں یہی توحید کبھی
آج کیا ہے؟ فقط اک مسئلہ علم کلام
روشن اس ضو سے اگر ظلمت کردار نہ ہو
خود مسلماں سے ہے پوشیدہ مسلماں کا مقام
میں نے اے میر سپہ تیری سپہ دیکھی ہے
قل ھو اللہ کی شمشیر سے خالی ہیں نیام
(ضرب کلیم)

در بصیرت

مولانا عبدالرشید

اللہ تعالیٰ

سورہ فاطر کے رکوع دو میں فرمایا:

"اور (سوچو تو کہ) اللہ تعالیٰ نے تمہیں (پہلے پہل) مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے۔ پھر تمہیں (مرد و زن کی صورت میں) جوڑے بنایا۔

اور کوئی عورت (اپنے پیٹ میں) کچھ نہیں اٹھاتی اور نہ بچہ جنتی ہے، مگر اس کے علم کے ساتھ۔ اور کوئی عمر والا اپنی عمر میں نہیں بڑھتا اور نہ اس کی عمر میں کچھ کمی (واقع) ہوتی ہے، مگر وہ سب کتاب (لوح محفوظ) میں (مرقوم) ہوتا ہے۔

یقیناً یہ اللہ تعالیٰ کے لیے آسان ہے (چنداں مشکل نہیں)

اور (یہ) دو دریا برابر نہیں۔ ایک (وہ جس کا پانی) شیریں، پیاس بجھانے والا، جسے پینا باعث راحت ہے۔ اور دوسرا شور و تلخ۔ اور ہر ایک سے تم (مچھلیوں کا) تر و تازہ گوشت کھاتے ہو۔ اور (جیسے) زیور (استعمال ہونے والے موتی وغیرہ) نکالتے ہو، جنہیں تم پہنتے ہو۔

اور تو اس میں (یعنی ہر ایک دریا میں) کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ پانی کو پھاڑتی ہوئی چلی جا رہی ہیں، تاکہ تم (بحری تجارت کے ذریعہ) اس کا فضل ڈھونڈو اور تاکہ تم اس کے شکر گزار بنو۔

(اشارہ اس طرف ہے کہ اسی طرح دنیا میں نیک و بد دونوں دنیوی فوائد پاتے ہیں مگر ان کے درمیان اتنا ہی فرق ہے جتنا میٹھے اور کڑوے پانی میں)

اوپر انسان کی پیدائش کا ذکر فرمایا تھا پھر فرمایا انسان دو قسم کے ہیں ——— نیک اور بد۔ اگلی آیت میں تخلیق کائنات کا ذکر فرمایا۔

"وہ (اللہ تعالیٰ) رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو اپنے حکم کے تابع کر رکھا ہے۔ ہر ایک مقررہ وقت تک چلتا ہے (یعنی ان کی گردشیں کے اوقات مقرر ہیں)

یہی اللہ ہے، جو تمہارا رب (پروردگار) ہے۔ (کائنات میں) اسی کی حکومت ہے۔ اور اس کے سوا تم (لوگ) جنہیں پکارتے ہو، وہ تو کھجور کی گٹھلی کے چھلکے جتنا اختیار بھی نہیں رکھتے۔"

"اور تجھے ہر معاملہ کی خبر رکھنے والے (اللہ) کی مانند کوئی اور (یہ باتیں) نہیں بتائے گا۔"

... وقت بھارت یہ ہے کہ بھارت بھی یہ چاہتا ہے کہ امریکہ اور روس ایک حد تک اس کی اقتصادی خودکفالت کے پروگراموں میں اس کا ہاتھ بٹائیں۔ لیکن اس کی وسیع تر اسکیموں جن کا مقصد ایشیا میں بھارتی سامراج کو مسلط کرنا ہے۔ اس کی کماحقہ امداد نہیں کر سکتے کیونکہ ان کا اپنا مقصد یہ ہے کہ بھارت سمیت سارے ایشیائی ملکوں کو اپنے تسلط میں لایا جائے۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

بھٹو کی آمد پر ڈھاکہ میں متحدہ پاکستان کے فلک شگاف نعرے

وزیراعظم پاکستان کا فقید المثال اور والہانہ استقبال، پاکستان زندہ باد، ہم پھر ایک ہوں گے اور ہم بھائی بھائی ہیں کے نعرے لگائے گئے

مجیب الرحمٰن اگست میں پاکستان کا دورہ کریں گے

...کو ڈھاکہ میں ایک ماہ تک بات چیت کرسکیں۔

وزیراعظم کے جلوس کو کاروں میں بنگلہ بھون لے جایا گیا

صوبہ سرحد میں ناچ پر مکمل پابندی لگادی گئی

صوبائی اسمبلی نے غیر سرکاری بل منظور کرلیا

خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ اور قید کی سزا دی جاسکے گی

پشاور۔

بلوچستان میں کوئلے اور لوہے کے وسیع ذخائر کی دریافت

کوئٹہ۔

اخبارات قوم کی صحیح سمت میں رہنمائی کرکے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں: وزیراعظم بھٹو

کراچی۔



پاکستان کے پاس اسرائیل اور بھارت میں ایٹمی تعاون کا ثبوت موجود ہے

بھارت اپنے پلوٹونیم کے ذخیرے سے ۱۷ ایٹم بم بنا سکتا ہے: عزیز احمد

کوالالمپور۔

لیبیا سے بھارت کے تجارتی وفد کی ناکام واپسی

طرابلس۔

فلپائن میں مزید دو سو مسلمان شہید کردیے گئے

فوج اور مسلم حریت پسندوں میں پھر جھڑپیں شروع ہوگئیں

جھڑپوں میں چار فلپائنی فوجی بھی ہلاک ہوگئے

منیلا۔

۲۶ مارچ ۱۹۷۱ء کے میرے بیان کا غلط مطلب لیا گیا

میں ظلم اور زیادتی کی کبھی حمایت نہیں کرسکتا

ڈھاکہ۔



وزیراعظم بھٹو ڈھاکہ کے ہوائی اڈے پر گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں

FO
C
VOL
Fi
We
co
ISLA
The Cl
missio
jad Ah
today
be hel
within
the co
list a
constit
Addres
he said t
started t
the fina
published
said wor
constitue
soon.
As Ch
tion. Co
the offic
mission
submit p
the delin
examined
the wo
voters
constitue
simultane
Replyin
Justice S
present
dissolved
CI
to
PEKING
expansion
has arous
justice-up
people o
ples Daily
article on
The art
able bully
designs t
nex Sikki
The pe
the India
lated an
putting t
the grip
Moreover,
cocted a
ugh the
pretext o
the Chog
lar 'head
'chief exe
dia will
kim. The
flagrantly
vernment
participat
tion of I
ment of
within th
ing comm
essence,
Sikkim o
pendence
lony of
The pap
expansion
has arou
all justice
people th
want ind
liberation
lution. T